Roll No. [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ]          Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________          Sig. of Invigilator: ____________

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(Revised Syllabus)          حصّہ اوّل (کُل نمبر: 15)          وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع۔

**سوال نمبر ا۔** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) فاتحِ خیبر کے لیے رسولؐ کا بسترِ خواب کیا حیثیت رکھتا تھا؟

الف۔ قتل گاہ　　ب۔ فرشِ گل　　ج۔ خواب گاہ　　د۔ جولاں گاہ

(ii) 'مقدمۂ شعروشاعری' جدید اُردو __________ کا نقطۂ آغاز ہے۔

الف۔ تنقید　　ب۔ تحقیق　　ج۔ تدوین　　د۔ تاریخ

(iii) سرسید احمد خاں کا اسلوبِ نگارش __________ ہے۔

الف۔ پُرتصنع　　ب۔ پُرآرائش　　ج۔ سادہ　　د۔ مقرّس

(iv) ڈراما ' انارکلی ' کس سال لکھا گیا؟

الف۔ 1920ء　　ب۔ 1925ء　　ج۔ 1930ء　　د۔ 1932ء

(v) ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے __________ تھا۔ (بحوالہ سبق ۔ قدر ایاز)

الف۔ مدبّرانہ　　ب۔ امیرانہ　　ج۔ عاجزانہ　　د۔ خاکسارانہ

(vi) خواجہ الطاف حسین حالؔی کا سنہ پیدائش __________ ہے۔

الف۔ 1837ء　　ب۔ 1838ء　　ج۔ 1832ء　　د۔ 1830ء

(vii) صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟ (بحوالہ شاملِ نصاب ۔ حمد)

الف۔ خط　　ب۔ خوشبو　　ج۔ پیغام　　د۔ ڈاک

(viii) اقبالؔ کے کس مجموعے میں اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شاعری موجود ہے؟

الف۔ اسرارِ خودی　　ب۔ ضربِ کلیم　　ج۔ جاوید نامہ　　د۔ ارمغانِ حجاز

(ix) میر تقی میرؔ کو " سرتاجِ شعرائے اُردو " کس نے قرار دیا؟

الف۔ محمد حسین آزادؔ　　ب۔ مولوی عبدالحق　　ج۔ ڈاکٹر وزیر آغا　　د۔ الطاف حسین حالؔی

(x) شاعر بہادر شاہ ظفرؔ عمرِ دراز کتنے دن کی مانگ کر لایا تھا؟

الف۔ دو دن　　ب۔ تین دن　　ج۔ چار دن　　د۔ پانچ دن

(xi) " کمرہ کیا ہے آئینہ ہے "۔علم بیان کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ کنایہ　　ب۔ مجازِ مرسل　　ج۔ تشبیہ　　د۔ استعارہ

(xii) " تیز گھوڑا " قواعد کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ مرکبِ تام　　ب۔ مرکبِ ناقص　　ج۔ مرکبِ جاری　　د۔ مرکبِ عطفی

(xiii) " مسند " اسم اور فعل ہو سکتا ہے لیکن "مسند الیہ" ہمیشہ __________ ہوتا ہے۔

الف۔ اسم　　ب۔ فعل　　ج۔ مرکب　　د۔ مفرد

(xiv) علم بیان کے مطابق "اشارے سے بات کرنا" کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ مجازِ مرسل　　ب۔ کنایہ　　ج۔ تعلیل　　د۔ تجنیس

(xv) فعل، فاعل، مفعول اور متعلق فعل سے ترتیب پانے والا جملہ __________ کہلاتا ہے۔

الف۔ جملہ فعلیہ　　ب۔ جملہ اسمیہ　　ج۔ جملہ تام　　د۔ جملہ ناقص

---

برائے ممتحن:　　کُل نمبر: [15]　　حاصل کردہ نمبر: [ ]

www.StudentBounty.com

ا۲

# اُردو (لازمی)   ایس ایس سی-I

*(Revised Syllabus)*

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 34)

سوال نمبر ۲: الف۔ مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x2=24)

(i) ہجرتِ نبویؐ سے کیا مراد ہے؟

(ii) مرزا غالبؔ کیسے اخلاق کے مالک تھے؟

(iii) سیّد انشاؔ کے اصرار پر جرأتؔ نے کون سا مصرع پڑھا؟

(iv) شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(v) ڈراما 'آرام و سکون' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vi) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(vii) اُلو کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت سے دلچسپی کیوں نہیں؟

(viii) ماسٹر جی کو چائے کیسے پیش کی گئی؟ (بحوالہ سبق ۔ قدر ایاز)

(ix) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(x) عہدِ خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟ (بحوالہ نظم ۔ پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ)

(xi) تیتر اللہ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

(xii) میرؔ نے ''نیم باز آنکھوں کی مستی'' کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

(xiii) غالبؔ کی کوئی سی دو اہم تصانیف کے نام تحریر کریں۔

(xiv) شاعر نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے؟ بہادر شاہ ظفرؔ کی شامل نصاب غزل کے حوالے سے لکھیے۔

ب۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء حل کیجیے: (5x2=10)

(i) مجازِ مُرسل سے کیا مراد ہے؟

(ii) قافیہ سے کیا مراد ہے؟ مثال سے واضح کیجیے۔

(iii) مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں:

پانی پانی کرنا ، خون سفید ہونا

(iv) ''اسلم نے قلم سے خط لکھا''۔ کی ترکیب نحوی کیجیے۔

(v) روزمرّہ اور محاورے میں فرق واضح کیجیے۔

(vi) روزمرّہ کے حوالے سے درج ذیل جملے کی اصلاح کریں:

''اگر ممکن ہو سکے تو میرا کام کر دیجیے''۔

www.StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر 26)

سوال نمبر۳۔ سبق، مُصنّف اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+1+4=6)

**الف۔** اگر ہم کو قوائے قلبی اور قوّتِ عقلی کے کام میں لانے کا موقع نہیں ہے، تو ہم کو اس کی فکر اور کوشش چاہیے کہ وہ موقع کیونکر حاصل ہو۔ اگر اُس کے حاصل کرنے میں ہمارا کچھ قصور ہے، تو اس کی فکر اور کوشش چاہیے کہ وہ قصور کیوں کر رفع ہو۔ غرض کہ کسی شخص کے دل کو بیکار پڑا نہ رہنا چاہیے، کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا لازم ہے، تاکہ ہم کو اپنی تمام ضروریات کے انجام کرنے کی فکر اور مستعدی رہے۔۔۔

**ب۔** جس طرح بڑی بڑی دکانوں کے دروازوں پر انسانی پیکروں کو نہایت خوب صورت اور شفاف لباس پہنا کر انہیں الماریوں کے اندر سجا دیا جاتا ہے تاکہ لوگ ان حسین و جمیل مجسموں کو دیکھ کر دکانداروں کے اعلیٰ ذوق اور ان کی شان و شوکت سے مرعوب ہو جائیں، اسی طرح آپ بھی اپنی امارت اور اپنی شخصیت کی نمائش کے لیے میری ذات اور میرے فن کو استعمال کر رہے تھے۔

سوال نمبر۴۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

**الف۔**

سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی
اور چھا رہی گھٹائیں سُرخ اور سفید کاہی
سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

**ب۔**

جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا
جو یک سُو ہو دِل، تو وہی چار سُو ہے
تری راہ میں خاک ہو جاؤں مرکر
یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

سوال نمبر۵۔ شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (1+2+2=5)

الف۔

کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر
میں جاگا کیا، بخت سویا کیا
رہی سبز بے فکرِ کشتِ سخن
نہ جوتا کیا میں، نہ بویا کیا

ب۔

ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے؟
ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا
اور درویش کی صدا کیا ہے؟

سوال نمبر۶۔ اپنے تعلیمی ادارے میں منعقد ہونے والی تقریبِ تقسیمِ انعامات کی رُوداد لکھیے۔ (5)

(یا)

مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے جس میں مچھروں سے بچاؤ کی تجاویز پیش کی گئی ہوں۔

سوال نمبر۷۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے آنے کی اطلاع دیجیے۔ (5)



www.StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ______________

Sig. of Candidate: ______________

Sig. of Invigilator: ______________

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(Old Syllabus)

## حصّہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) حضور ﷺ کے اخلاق کے متعلق کس سے پوچھا گیا؟

الف۔ حضرت خدیجہؓ ب۔ حضرت عائشہؓ ج۔ حضرت فاطمہؓ د۔ حضرت حلیمہ

(ii) تکلیف کا وقت کس کے سبب سے موسمِ بہار کی آمد آمد کا زمانہ ہو جاتا ہے؟

الف۔ خوشی ب۔ مال و دولت ج۔ اُمید د۔ اچھا عہدہ

(iii) 'ایک خادمِ خلق کی کہانی' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ سرسیّد احمد خاں ب۔ احمد ندیم قاسمی ج۔ غلام عباس د۔ چودھری افضل حق

(iv) سقّے نے کس وقت آ کر دروازہ کھٹکھٹایا؟

الف۔ مُنہ اندھیرے ب۔ سُورج طلوع ہوتے ہی ج۔ اچھی خاصی دوپہر کو د۔ شام کو

(v) اورنگ آباد میں ناظمِ تعلیمات کون تھا؟

الف۔ سراج دین ب۔ نواب سراج دین ج۔ نوب سراج یار جنگ د۔ نواب محمد سراج

(vi) نظم ' برسات ' کے شاعر کا کیا نام ہے؟

الف۔ بہزاد لکھنوی ب۔ حفیظ جالندھری ج۔ احسان دانش د۔ نظیر اکبر آبادی

(vii) احسان دانش تہذیبِ نو کے کھیل کو کیا سمجھتے ہیں؟

الف۔ سراب ب۔ حباب ج۔ عذاب د۔ خواب

(viii) جگر مُراد آبادی نے اپنی غزل میں کس چیز کو نعمت قرار دیا ہے؟

الف۔ صحت ب۔ جوانی ج۔ غم د۔ خوشی

(ix) میر کی ساری جوانی کس میں کٹی؟

الف۔ شعر و شاعری میں ب۔ دردمندی میں ج۔ کام کاج میں د۔ فارغ رہ کر

(x) بہادر شاہ ظفر کی غزل میں ''کوئے یار'' سے کیا مُراد ہے؟

الف۔ سرزمینِ مدینہ ب۔ دلّی شہر ج۔ دیارِ غیر د۔ انگلستان

(xi) '' ارضِ پاکستان '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ حرفِ شرط و جزا ب۔ حرفِ اضافت ج۔ حرفِ عطف د۔ حرفِ جار

(xii) '' پہاڑ '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ اسمِ معرفہ ب۔ اسمِ مصدر ج۔ اسمِ اشارہ د۔ اسمِ جامد

(xiii) '' لکھا ہے '' فعل کی کون سی قسم ہے؟

الف۔ ماضی مطلق ب۔ فعل حال ج۔ ماضی قریب د۔ ماضی شکیہ

(xiv) وہ اسم جو کسی دوسرے کی جگہ استعمال کیا جائے، کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ اسم موصول ب۔ اسم معرفہ ج۔ اسم ضمیر د۔ اسم اشارہ

(xv) '' تُو جائے '' کون سا فعل ہے؟

الف۔ فعل حال ب۔ فعل مستقبل ج۔ فعل امر د۔ فعل مضارع

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______

www.StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(Old Syllabus)

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 34)

**سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** (12x2=24)

(i) عورتوں کی حیثیت کو بلند کرنے کے لیے حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) خادمِ خلق اپنی موت کو شاندار قرار دیتا ہے۔ کیوں؟

(iii) سائلوں کے ساتھ مرزا غالبؔ کا سلوک کیسا تھا؟

(iv) سبق 'سفارش طلب' سے کیا اخلاقی سبق حاصل ہوتا ہے؟

(v) پھولوں کی سجاوٹ کے نئے طریقے کس بات کے غماز اور عکاس ہیں؟

(vi) مضمون 'یتیم شہزادے کی ٹھوکریں' پڑھنے سے کیا اخلاقی سبق حاصل ہوتا ہے؟

(vii) بابائے اُردو نے زندگی کی تلخیوں سے بچنے کا کیا نسخہ تجویز کیا؟

(viii) حمد 'رَبُّ العالَمین' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(ix) نظم 'برسات' کے مناظر میں سے کوئی ایک منظر اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

(x) نظم 'کھڑا ڈنر' میں شاعر نے ہمارے کس معاشرتی رویّے پر طنز کیا ہے؟

(xi) بادشاہ ہونے کے باوجود بہادر شاہ ظفرؔ کی غزل میں بے بسی کیوں نمایاں ہے؟

(xii) میرؔ نے اپنی اشک فشانی کو بوچھار کے مینہ کی طرح کیوں کہا ہے؟

(xiii) اداؔ جعفری کی غزل میں 'ایک شمع کے بجھنے کے بعد اور جلا لینے' کا کیا مطلب ہے؟

(xiv) شاعر (حسرتؔ موہانی) بلاؤں کے ہجوم میں بھی مایوس کیوں نہیں ہوتے؟

**ب۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء حل کیجیے:** (5x2=10)

(i) جملے بنا کر تذکیر و تانیث واضح کیجیے: میز ، اخبار

(ii) متضاد لکھیں: نفرت ، قدیم

(iii) مترادف لکھیں: ستم ، طاقت

(iv) مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں:
کُشادہ پیشانی سے ، زمین میں گڑ جانا

(v) "قائدِ اعظمؒ مدبر سیاست دان تھے۔" کی ترکیبِ نحوی لکھیے۔

(vi) مقطع کی تعریف کریں اور مثال بھی دیں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 26)

**سوال نمبر۳: مُصنّف، سبق اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+1+4=6)

**الف۔** مثل مشہور ہے: "جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔" پولیس کے ہاتھوں میں تو ہمیشہ ڈنڈا رہا ہے، سیاسی لوگوں کے ہاتھ میں ووٹ ہوتا ہے۔ اس زمانے میں ووٹ بھی ڈنڈا بن گیا ہے یعنی یہ دونوں ڈنڈے والے ہیں اور حکومت صرف بھینس بن کے رہ گئی ہے جس کا جی چاہے ڈنڈے کے زور سے اسے جدھر چاہے لے جائے۔ ہم اور آپ زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہیں کہ بین بجاتے رہیں۔۔۔

www.StudentBounty.com

ب۔ مرزا صاحب دلی کے شُرَفا کے ایک متموّل خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ترا ہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستا سیدھے ہاتھ کو مڑ جاتا ہے، اسی کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔اسی علاقے میں سرسیّد احمد خاں کا قدیم مکان بھی تھا۔ سرسیّد سے بھی مرزا صاحب کی عزیز داری تھی اور منشی ذکاءاللہ سے بھی ان کی قرابت داری ہوگئی تھی۔ پچاس ساٹھ سال پہلے دلی کے مسلمان شرفا میں انگریزی تعلیم کو اچھی نظروں سے نہیں دیکھا جاتا تھا مگر سرسیّد نے مسلمانوں کے اس غلط نظریے کی بہت کچھ اصلاح کر دی تھی۔اسی زمانے میں دلی کے دو نوجوانوں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے علمی حلقوں میں نمود حاصل کی۔ایک پروفیسر مشتاق احمد زاہدی اور دوسرے پروفیسر مرزا محمد سعید۔

سوال نمبر۴۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
جو سرگرم رہتی ہے ان کی ثنا میں
وہ فکرِ سخن، وہ زُباں لے کے جاؤں
بُھلا دوں جو کاذِب ہے رُوداد میری
جو حق ہے وہی داستاں لے کے جاؤں

ب۔
زندگی یکسر محرک ہے سکوں یکسر ہے موت
کُچھ نہ کُچھ اے نوجوانانِ وطن، کرتے رہو
پتّی پتّی پر چمن کی جان چھڑکو دوستو
رات دن خدماتِ اربابِ چمن کرتے رہو

سوال نمبر۵۔ شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (1+2+2=5)

الف۔
شکوہ تو ایک چھیڑ ہے، لیکن حقیقتاً
تیرا ستم بھی تیری عنایت سے کم نہیں
مَرگِ جگر پہ کیوں تری آنکھیں ہیں اَشک ریز
اک سانحہ سہی، مگر اتنا اَہم نہیں

ب۔
بلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ
قسمت میں قید لکھّی تھی فصلِ بہار میں
ان حسرتوں سے کہ دو کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغدار میں

سوال نمبر۶۔ اپنے چھوٹے بھائی کو تعلیم پر توجہ کا خط تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر۷۔ دوستوں کے درمیان ”پابندیٔ وقت“ کے موضوع پر ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

(یا)

**مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں دیجیے:**

ایک ادیب معاشرے کا فرد ہوتا ہے وہ اپنی تخلیقات کے لیے مواد اپنے گرد و پیش سے حاصل کرتا ہے اگر اس کی تخلیق میں کوئی روح یا ملّی جذبہ نہ ہو تو وہ تحریر اس کی اپنی زبان کی ترجمان تو ہو سکتی ہے مگر ہمہ گیریت اور آفاقیت سے محروم رہتی ہے۔ وہ ادب جو صرف تفریح کے لیے لکھا جاتا ہے اس کی کوئی مقصدی اور افادی حیثیت نہیں ہوتی۔ یہ وہ شُعلہ ہے جو بُجھ تو سکتا ہے مگر گرد و پیش کی ظُلمتوں کو اُجالا نہیں دے سکتا۔وہ ادب زندہ رہتا ہے جو زندگی آمیز بھی ہو اور زندگی آموز بھی۔ وہ ادب خام ہے جسے گرد و پیش کی سسکتی اور چیختی انسانیت جھنجوڑ نہ سکے۔

**سوالات:**

الف۔ سچا ادیب اپنی تخلیقات کے لیے مواد کہاں سے حاصل کرتا ہے؟

ب۔ کون سا ادب زندگی کا ترجمان ہوتا ہے؟

ج۔ سچا ادیب انسانیت کی تلخیوں اور سنگینیوں کو کس طرح محسوس کرتا ہے؟

د۔ کون سا ادب زندہ رہتا ہے؟

ہ۔ اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



www.StudentBounty.com